نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کاشتکار زیادہ سے زیادہ رقبہ پر گندم کاشت کریں۔

امسال زیادہ گندم کاشت کرنے والے کاشتکاروں کو لیزر لینڈ لیولرز اور ٹریکٹرز کے انعامات دیئے جائیں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور: یکم نومبر 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق امسال وزیر اعلیٰ پنجاب نے 1 تا25 ایکڑ گندم کی کاشت کرنے والے کاشتکاروں کیلئے 1000 لیزر لینڈ لیولرز اور 25 اوراس سے زائد رقبہ پر گندم کاشت کرنے والے کاشتکاروں کیلئے 1000 ٹریکٹرز بذریعہ شفاف قرعہ اندازی فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔اس لئے کاشتکار زیادہ سے زیادہ رقبہ پر گندم کاشت کریں اوراس انعامی سکیم کا بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ صوبہ پنجاب کے آبپاش علاقوں میں گندم کاشت کرنے کا موزوں وقت یکم نومبر تا15 دسمبر ہے۔کاشتکار گندم کی کاشت کیلئے زمین اچھی طرح تیار کریں۔وریال زمینوں میں دو تا تین دفعہ وقفہ وقفہ سے ہل چلائیں۔کاشتکار گندم کی بروقت کاشت کیلئے یکم تا20 نومبر کیلئے شرح بیج 40 تا45 کلوگرام فی ایکڑ رکھیں۔کاشتکار فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کریں۔پنجاب کے آبپاش علاقوں کیلئے محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام عروج 22 ،نشان 21، دلکش 20،سبحانی 21 ،ایم ایچ 21 ،صادق 21 ،نواب 21 ،اکبر 19 ،بھکر سٹار 19 اور غازی 19 ہیں۔کاشتکار گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے بیماریوں سے پاک،صاف ستھرا اور صحت مند بیج استعمال کریں اور بیج کے اُگاؤ کی شرح 85 فیصد سے ہرگز کم نہیں ہونی چاہیے۔

☆☆☆